ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (810)

22-12-2022

**بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 20 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 02 کلو سے زائد چرس و 494 لیٹر دیسی شراب اور 50 عدد ولائیتی بوتلیں اور 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 ریوالور 32 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی کمپئین پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈان جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ کینٹ، صدر بہاولپور، سٹی احمد پور شرقیہ اور سٹی یزمان پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 05 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 02 کلو 330 گرام چرس برآمد کرلی۔ تھانہ بغداد الجدید، ڈیرہ نواب صاحب، سٹی حاصلپور، سمہ سٹہ اور عنائیتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 09 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 494 لیٹر دیسی شراب و 50 بوتلیں ولائیتی شراب اور چالو بھٹی برآمد کرلی۔تھانہ سول لائنز، مسافر خانہ، سٹی یزمان اور سٹی احمد پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 06 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کمپئین، گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں متعدد گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(811)

22.12.2022

**بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی صدارت میں کرسمس تہوار اور نیوائیر کے حوالے سے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ خصوصی میٹنگ کا انعقاد،میٹنگ کے دوران کرسمس اور نیوائیر کے موقع پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کے بارے میں جائزہ لیا گیا،معاشرہ میں قیام امن یقینی بنانے کے لیے بہاولپور پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔کرسمس اور نیوایئر کے موقع پر کسی کو امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی،تمام پولیس آفسران پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ کرسمس اور نیوایئر کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا پیشگی جائزہ لیں اور شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں تاکہ اس تہوار کے موقع پر کوئی ناخوش گوار واقع رونما نا ہو سکے،ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق پولیس لائنز میٹنگ روم میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر صدارت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ میٹنگ منعقد کی گئی جس میں کرسمس اور نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے کرسمس پر سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز کمیٹی روم میں میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر پاکستانی شہری کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی ذمہ داری ہے کیونکہ پاکستان میں رہنے والا کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والا ہو وہ پہلے پاکستانی ہے اور ڈسٹرکٹ پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کرسچن کمیونٹی کی آبادیوں کا سرچ آپریشن کروایا جائے گا تاکہ کرسمس کے موقع پر سیکورٹی کے تمام تر انتظامات کو بہتر بنایا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ کرسمس کے موقع پر چرچز کی سیکورٹی کے لیے چار دیواری پر خاردار تاریں سی سی ٹی وی کیمرے واک تھرو گیٹ میٹل ڈیٹیکٹر بیریئرز اور وینٹیج پوائنٹ بنائیں جائیں اور پارکنگ کا بندوبست چرچ سے کم از کم 200 میٹر دور رکھا جائے تاکہ کوئی شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔ڈی پی او نے کہا میں خود بھی اس روز چرچز کے سیکورٹی انتظامات کو چیک کرونگا۔ڈی پی او نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کو مدنظر رکھتے ہوئے تفریحی مقامات خاص طور پر چڑیا گھر،نیشنل پارک لال سوہانرا،SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سکیورٹی کے انتظامات کو بھی یقینی بنائیں گے اور اپنے اپنے علاقہ میں ایسے مقامات کو وقتاً فوقتاً چیک بھی کریں گے۔کرسمس تہوار کے موقع پر عبادات کے دوران پولیس کی گشت کناں گاڑیاں چرچز کے ارد گرد سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے گشت کو جاری رکھیں گی۔ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک کا ڈیوٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کی ارد گرد گشت کو بھی یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا کوئی بھی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔میٹنگ کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی اور امن کے لیے دعا کروائی گئی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی صدارت میں کرسمس تہوار اور نیوائیر کے حوالے سے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز صاحبان کے ساتھ خصوصی میٹنگ کا انعقاد